© rasailojaraid.com



نزد مقدس مسجد کراچی 021-32729089 سے 250 روپے میں طلب کر سکتے ہیں۔(م۔ا۔مدنی)

## حج و عمرہ (فضائل وآداب) ...... مولانا محمد عابد ندوی

حج وعمرہ فضائل وآداب سعودی عرب میں مقیم معروف ہندوستانی عالم دین مولانا عابد ندوی صاحب کی اس سلسلے میں دوسری تحقیقی کاوش ہے۔ جسمیں حج وعمرہ کی فضیلت واہمیت، مختلف ارکان وافعال جیسے احرام، تلبیہ، طواف، حجر اسود، رکن یمانی، سعی، حلق وقصر، عرفہ اور وقوف عرفہ قربانی، اعمال ایام تشریق وغیرہ پر سیر حاصل اور تحقیقی گفتگو کی گئی ہے نیز، مشاعر مقدسہ کے فضائل اور ان سے متعلق اعمال اور ان نیکیوں کو ذکر جن کو حج وعمرہ کیلئے برابر قرار دیا گیا ہے' انتہائی دل آویز اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔جوار حرم میں اقامت کیوجہ سے یہ مصنف کتاب کا ذوقی موضوع ہے۔تقریباً 100 جیسے اہم امہات کتب سے مصنف نے انتہائی عرقریزی سے یہ مجموعہ تیار کیا ہے۔ہندوستان کے نامور عالم دین اور فقیہ جناب مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب کے دقیع مقدمے سے اسکی اہمیت اور بھی بڑھ گئی یہ عظیم علمی کاوش مکتب زمزم نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی سے ۲۵۰ روپے مناسب قیمت میں دستیاب ہے۔(م۔ا۔مدنی)

## ماہنامہ سچائی.........مجاہد اعظم ﷺ نمبر......زیر ادارت: جناب احمد خیر الدین انصاری

مسیحائی جناب احمد خیر الدین صاحب کی ادارت میں کراچی سے شائع ہونے والا ایک موقر ماہنامہ ہے۔زیر تبصرہ شمارہ اس کا مجاہد اعظم ﷺ نمبر ہے۔اس نمبر میں آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ کی جہادی پہلوؤں کو مختلف زاویوں سے اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔یوں تو ہر مضمون اور مقالہ اپنی جگہ اہم اور مدیر محترم کے ذوق سلیم اور حسن انتخاب آئینہ دار ہے، لیکن بعض مقالات ومضامین کا انوکھا پن قاری کو اپنی طرف کھینچے بغیر نہیں چھوڑتا۔مولانا ابوالحسن علی ندویؒ ڈاکٹر محمد حمید اللہ میجر جنرل محمد اکبر خان، قاری فیوض الرحمٰن اور پروفیسر عبدالجبار شاکر کے مضامین اسی نوعیت کے ہیں۔ اول الذکر حضرات تو عالمی سطح پر سیرت کا اہم حوالہ ہیں۔جبکہ میجر صاحب عسکریات سیرت پر سند کر درجہ رکھتے ہیں قاری فیوض الرحمٰن صاحب نے بھی ایک اچھوتے موضوع ''مجاہد اعظم ﷺ کے عسکری خطبات'' پر قلم اٹھایا ہے اس عنوان کے نیچے آپ نے غزوۂ تبوک کے موقع پر آنحضرت ﷺ کا جو خطبہ نقل کیا ہے وہ قابل دید ہے۔پروفیسر صاحب کا مضمون دراصل میں ترکی کے نامور محقق محمد فتح اللہ گلن کی کتاب: ''حضور اقدس ﷺ بحیثیت سپہ سالار'' پر تبصرہ ہے لیکن اس ضمن میں سیرت نبوی عسکری ادبیات پر تمام اہم کتابوں کی ایک دقیع اور اہم فہرست دی گئی ہے۔جنگی اخلاقیات از مولانا عبدالمالک بھی عصر حاضر کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

ہمارے ہاں اردو رسائل میں عربی عبارات کی املا میں اکثر بے احتیاطی برتی جاتی ہے۔حتیٰ کہ بعض اوقات قرآنی آیات کو بھی غلط لکھا جاتا ہے۔زیر نظر نمبر اس عیب سے پاک ہے۔کاغذ کمپوزنگ اور اردو املا کی یکسانیت میں بھی نفاست اور اعلیٰ ذوق کا ثبوت بہم پہنچایا گیا ہے۔ یہ کاوش ... دقیع ... ﷺ ... اس کی ظاہری ومعنوی خوبیوں کا ساتھ دیتا

© rasailojaraid.com